© rasailojaraid.com

اگر ملحوظ رکھا جائے تو نہ صرف سیرتِ رسولؐ پر قلم اٹھانے والے مصنفین کی محنت ٹھکانے لگتی اور ان کیلئے وسیلۂ نجات بنتی ہے بلکہ قارئینِ سیرت کیلئے بھی فلاحِ دارین کا موجب بنتی ہے ــــــ سیرت کی کتابوں میں اس گرانقدر اضافہ پر ہم مصنف کو ہدیۂ تبریک پیش کرنے کے علاوہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ماننے والوں اور آپؐ کا کلمہ پڑھنے والوں سے یہ استدعا بھی کریں گے کہ اس کتاب کا مطالعہ کر کے آپؐ کی سیرت کے نقوش کی روشنی میں اپنے اعمال و کردار کی اصلاح کا خصوصی التزام کریں ـــ وذالک ھو الفوز العظیم ـــ !

---

نام کتاب . . . تاجدارِ مدینہ کی محبوب غذا "شہد" (بہ سلسلہ پیغمبری غذائیں)

مؤلف . . . زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد صاحب

ضخامت . . . . ۱۲۵ صفحات ، خوبصورت ٹائیٹل ، سفید کاغذ ، کتابت و طباعت آفسٹ ۔

قیمت . . . پانچ روپے غیر مجلد

ناشر . . . مکتبۂ نور الصحت ، ۳۹ اے عبدالکریم روڈ قلعہ شاہ فیصل لاہور

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ ستودہ صفات قدم قدم پر ہمارے لئے راہنمائی اور روشنی کا مینار ہے ۔ آپؐ نے حیاتِ انسانی کا کوئی پہلو تشنہ نہیں چھوڑا ، کوئی ایسی گتھی نہیں جسے سلجھایا نہ ہو اور کوئی ایسی مشکل نہیں جس کا حل پیش نہ فرمایا ہو ۔ حتیٰ کہ عبادات و معاملات ، سیاسیات ، معاشیات اور دوسرے ایسے علوم کے علاوہ طب و صحت سے متعلق بھی آپؐ کے ارشادات موجودہ سائنسی دور میں بھی ، ہمارے لئے بیش قیمت سرمایہ کی حیثیت رکھتے ہیں ۔ اور یہی وجہ تھی کہ آپؐ کے زمانہ میں جو طبیب عرب کے علاقہ کو پسماندہ سمجھ کر آتے تھے وہ یہ دیکھ کر حیران رہ جاتے تھے کہ یہاں سوائے موسمی عوارض کے کوئی بیماری نہیں ہوتا ۔

آپؐ کی غذا بالکل سادہ ہوتی تھی لیکن جو چیزیں آپؐ کو مرغوب تھیں ، ان کے منافع اس قدر زیادہ ہیں کہ اگر کوئی انسان ان کو استعمال کرتا رہے تو آخری عمر تک جہاد کے قابل رہ سکتا ہے ۔

شہد بھی آپؐ کی مرغوب ترین غذاؤں میں سے ایک ہے ـــ محترم الحاج حکیم نور احمد صاحب نے اب "طب نبویؐ" کو اپنا موضوع بنا کر اس سے خلقِ خدا کو گرانقدر معلومات بہم پہنچانے کا پروگرام بنایا ہے ۔ "شہد" بھی ان کے اسی سلسلہ (پیغمبری غذائیں) کی ایک کڑی ہے ۔ جس میں انہوں نے اس بدن پرور اور معجزانہ شفا بخش چیز کی کہانی الم اس سے طریقۂ علاج کی تفصیل نامور حکیموں اور سائنسدانوں کی زبانی پیش کی ہے ۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کے اس سلسلہ کو صدقۂ جاریہ بنائے اور انہیں طبِ نبویؐ سے متعلق ایسی بہت سی مبسوط تحریرات کی توفیق مزید بخشے

© rasailojaraid.com